نام: ____________ رول نمبر: ____________ سیکشن: ____________


اردو

# تفہمِ عبارت: قرآن پاک

**جماعت: دوم**

پیارے بچو! اللہ تعالیٰ نے انسانوں کو سیدھا راستہ دکھانے کے لیے بہت سے نبی اور رسول بھیجے۔ کچھ نبیوں کے نام یہ ہیں **حضرت آدمؑ، حضرت موسیٰؑ، حضرت عیسیٰؑ، حضرت داؤدؑ حضرت ابراہیمؑ، حضرت اسماعیلؑ اور حضرت محمد ﷺ**۔ حضرت آدمؑ سب سے پہلے انسان اور نبی ہیں۔ سب انسان حضرت آدمؑ کی اولاد ہیں۔ حضرت محمد ﷺ سب سے آخری نبی ہیں۔ اللہ تعالیٰ نے ان میں سے کچھ پر آسمانی کتابیں نازل کیں۔ قرآن پاک آخری آسمانی کتاب ہے۔ یہ پیارے نبی ﷺ پر نازل ہوا۔ قرآن پاک میں اللہ تعالیٰ کے احکام ہیں۔ یہ قیامت تک تمام انسانوں کے لیے ہدایت ہے۔ یہ عربی زبان میں نازل ہوا۔ اس کے ۳۰ پارے ہیں۔ اس میں ۱۱۴ سورتیں ہیں۔ ہمیں اسے سمجھ کر پڑھنا چاہیے اور اس کے احکام پر عمل کرنا چاہیے تاکہ اللہ تعالیٰ ہم سے راضی ہو جائے۔ آیئے بچو! وعدہ کریں کہ ہم قرآن پاک سمجھ کر پڑھیں گے اور اس پر عمل بھی کریں گے۔

1۔ **اوپر دی گئی عبارت غور سے پڑھ کر درست جواب منتخب کرتے ہوئے جملہ مکمل کیجیے۔**



i. اللہ تعالیٰ نے ______ کو سیدھا راستہ دکھانے کے لیے نبی بھیجے۔ (فرشتوں ، انسانوں)

ii. حضرت آدمؑ سب سے ______ نبی اور انسان ہیں۔ (پہلے ، آخری)

iii. سب انسان ______ کی اولاد ہیں۔ (حضرت آدمؑ ، حضرت عیسیٰؑ)

iv. قرآن پاک قیامت تک ______ انسانوں کے لیے ہدایت ہے۔ (کچھ ، تمام)

v. اللہ تعالیٰ نے ______ پر قرآن پاک نازل فرمایا۔ (حضرت آدمؑ ، حضرت محمد ﷺ)

vi. قرآن پاک ______ میں نازل ہوا۔ (انگریزی ، عربی)

vii. ہمیں قرآن پاک ______ پڑھنا چاہیے۔ (بغیر سمجھے ، سمجھ کر)

LIVEWORKSHEETS